ASRC
Asylum Seeker Resource Centre
Human Rights Law Program

# TPV/SHEV رکھنے والوں اور درخواست گزاروں کے لیے مستقل ویزے کے راستے

## حکومت نے کیا اعلان کیا ہے؟

لیبر پارٹی نے اس وعدے کے ساتھ انتخابات میں حصہ لیا تھا کہ "عارضی پروٹیکشن ویزوں اور Safe Haven Enterprise Visas کو ختم کیا جائے گا اور اہل پناہ گزینوں کے لیے مستقل ویزوں کا انتظام کیا جائے گا۔"

حکومت نے اب اس منصوبے کا اعلان کیا ہے کہ Temporary Protection visa (**TPV**) (سب کلاس 785) اور Safe Haven Enterprise visa (**SHEV**) (سب کلاس 790) رکھنے والے اہل افراد ریزولیوشن آف سٹیٹس ((**RoS**) (Resolution of Status) (سب کلاس 851) ویزے کی **درخواست** دینے کے اہل ہوں گے اور ان کے لیے TPV/SHEVs کی درخواستوں کو RoS ویزوں کی درخواستوں میں **بدلنا** ممکن ہو گا۔

ان ہزاروں لوگوں کے لیے کوئی واضح اور مؤثر راستہ نہیں ہے جن کے لیے فاسٹ ٹریک سسٹم ناکارہ رہا۔ ہم فوری طور پر اس معاملے میں وضاحت حاصل کر رہے ہیں اور سب لوگوں کے لیے یہاں مستقل رہنے کے راستے کی حمایت جاری رکھیں گے۔

## میرے لیے اس کا کیا مطلب ہے؟

حکومت نے اعلان کیا ہے کہ حکومت TPV/SHEV رکھنے والوں اور TPV/SHEV کے درخواست گزاروں کے لیے ایسے راستے فراہم کرے گی کہ انہیں RoS ویزے دینے پر غور کیا جائے۔ RoS ویزے مستقل ویزے ہیں جن سے لوگوں کے لیے آسٹریلیا میں رہنا، کام کرنا، تعلیم حاصل کرنا، میڈی کیئر اور سنٹرلنک جیسی سرکاری خدمات حاصل کرنا اور اپنے خاندان کے اہل افراد کو مستقل رہائش کے لیے سپانسر کرنا ممکن ہوتا ہے۔

حکومت کے اس اعلان سے مندرجہ ذیل لوگوں پر اثر **نہیں** پڑتا:

- ناؤرو یا پاپوا نیو گنی سے علاج کے لیے آسٹریلیا منتقل کیے جانے والے پناہ کے درخواست گزار یا پناہ گزین (یعنی وہ لوگ جنہیں ڈیپارٹمنٹ 'ٹرانزیٹری پرسن' کہتا ہے)؛
- وہ پناہ کے درخواست گزار جو ہوائی جہاز سے آسٹریلیا آئے تھے، یا
- وہ لوگ جنہیں مستقل پروٹیکشن ویزے یا ہیومینیٹرین ویزے سے انکار ہو گیا ہے یا جن کے یہ ویزے منسوخ ہو گئے ہیں۔

| 14 فروری 2023 کو آپ کی صورتحال | حکومت کے اعلان کا اثر |
|---|---|
| میں نے TPV/SHEV کی درخواست دی تھی اور مجھے فیصلے کا انتظار ہے۔ مجھے پہلے کبھی TPV/SHEV نہیں ملا۔<br>یا<br>میری TPV/SHEV کی درخواست Immigration Assessment Authority (IAA) نے واپس ڈیپارٹمنٹ کو بھیجی تھی۔ | اگر آپ TPV/SHEV کی شرائط پوری کرتے ہیں (یعنی یہ پایا گیا ہے کہ آپ کو تحفظ کا حق حاصل ہے) تو آپ کی درخواست خود بخود مستقل RoS ویزے کی درخواست میں بدل جائے گی۔<br>پھر اگر آپ کو RoS کی شرائط پورا کرنے والا پایا جائے تو آپ کو مستقل ویزا مل جائے گا۔<br>**اس وقت آپ کو کچھ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔** |

| | |
|---|---|
| میں نے اپنے اوریجنل TPV/SHEV کی مدت ختم ہونے سے پہلے TPV/SHEV کی تجدید کی درخواست دی تھی اور میں بعد میں دی گئی TPV/SHEV کی درخواست کے فیصلے کے انتظار میں ہوں۔ | آپ کی درخواست خود بخود مستقل RoS ویزے کی درخواست میں بدل جائے گی۔<br><br>اگر آپ کو RoS ویزے کی شرائط پورا کرنے والا پایا گیا تو آپ کو مستقل ویزا مل جائے گا۔<br><br>**اس وقت آپ کو کچھ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔** |
| میرے پاس TPV/SHEV ہے<br>یا<br>میرے پاس TPV/SHEV تھا جس کی مدت ختم ہو چکی ہے | جب منسٹر پابندی ہٹائے گا (یعنی آپ کو ویزے کی درخواست دینے کی دعوت دے گا) تو آپ مستقل RoS ویزے کی درخواست دے سکیں گے۔<br><br>جب آپ کے لیے RoS ویزے کی درخواست کا وقت آئے گا تو آپ کو اطلاع دی جائے گی اور بتایا جائے گا کہ کتنے عرصے کے اندر درخواست دینا ہو گی۔ منسٹر نے اظہار کیا ہے کہ اکثر لوگوں کے لیے پابندی مارچ 2023 میں ہٹائی جائے گی۔<br><br>اگر آپ کے TPV/SHEV کی مدت ابھی ختم نہیں ہوئی ہے تو منسٹر آپ کو جلد ہی ویزے کی درخواست دینے کی دعوت دے گا۔ آپ کو اپنے ویزے کی مدت ختم ہونے سے پہلے درخواست دے دینی چاہیے۔ مزید معلومات کے لیے براہ مہربانی کسی وکیل سے بات کریں۔ |
| ڈیپارٹمنٹ نے میری TPV/SHEV کی درخواست پر انکار کر دیا تھا اور میں امیگریشن اسیسمنٹ اتھارٹی یا عدالت کے فیصلے کے انتظار میں ہوں۔ | **آپ کو IAA ریویو یا عدالت کی کارروائی جاری رکھنی چاہیے۔**<br><br>اگر آپ TPV/SHEV پر انکار کو ریویو کے لیے IAA یا عدالت میں لے جانے میں کامیاب ہو جائیں اور آپ کو TPV/SHEV کے تحفظ کی شرائط پورا کرتا پایا جائے تو آپ کی TPV/SHEV کی تجدید کی درخواست RoS ویزے کی درخواست میں بدلی جا سکتی ہے۔<br><br>اگر آپ TPV/SHEV پر انکار کو ریویو کے لیے IAA یا عدالت میں لے جانے میں ناکام ہو جائیں تو آپ RoS ویزے کی قانونی درخواست دینے کے اہل نہیں ہوں گے۔<br><br>شاید آپ منسٹر کی مداخلت کی درخواست کر سکتے ہوں، یہ درخواست تب بھی کی جا سکتی ہے جب آپ کے پاس تحفظ مانگنے کے لیے ایسے نئے، قابل اعتبار دعوے ہوں جن کا تعلق آپ کے وطن یا ذاتی حالات میں تبدیلیوں سے ہو۔ منسٹر کے اختیارات وسیع ہیں اور وہ آپ کو پروٹیکشن ویزے کی نئی درخواست دینے کی اجازت دے سکتے ہیں یا کوئی مختلف ویزا بھی دے سکتے ہیں۔ |
| میری TPV/SHEV کی درخواست پر انکار ہو گیا تھا اور اب میری کوئی کارروائی نہیں چل رہی ہے<br>یا<br>میرا TPV/SHEV منسوخ ہو گیا تھا | **آپ RoS ویزے کی قانونی درخواست دینے کے اہل نہیں ہوں گے۔**<br><br>شاید آپ منسٹر کی مداخلت کی درخواست کر سکتے ہوں، یہ درخواست تب بھی کی جا سکتی ہے جب آپ کے پاس تحفظ مانگنے کے لیے ایسے نئے، قابل اعتبار دعوے ہوں جن کا تعلق آپ کے وطن یا ذاتی حالات میں تبدیلیوں سے ہو۔ منسٹر کے اختیارات وسیع ہیں اور وہ آپ کو پروٹیکشن ویزے کی نئی درخواست دینے کی اجازت دے سکتے ہیں یا کوئی مختلف ویزا بھی دے سکتے ہیں۔ |
| میں نے منسٹر سے اپنے کیس میں مداخلت کی درخواست کی ہے | آپ کو منسٹر کو نئی درخواست دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ کو یہ یقینی بنانا چاہیے کہ آپ نے منسٹر کو تمام متعلقہ معلومات دی ہیں۔ |

## ریزولیوشن آف سٹیٹس ویزے کی شرائط کیا ہیں؟

پروٹیکشن ویزے کی درخواست کی نسبت RoS ویزے کی درخواست میں کم تفصیلات کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس فارم میں آپ کی، اور آپ کے ساتھ دوسرے درخواست گزاروں کی، بنیادی تفصیلات پوچھی جاتی ہیں (جن میں نام، پتہ، تاریخ پیدائش اور رابطہ تفصیلات شامل ہیں) اور کردار کے تقاضوں اور پہلے سفروں کے متعلق کچھ سوالات ہوتے ہیں۔ اس فارم میں آسٹریلین اقدار کا بیان اور ڈیکلیریشن بھی شامل ہے جس پر آپ کو دستخط کرنے ہوں گے۔

ہمارا مشورہ ہے کہ آپ ریزولیوشن آف سٹیٹس ویزے کی درخواست دینے سے پہلے کسی وکیل سے مشورہ لیں، خاص طور پر اس صورت میں کہ آپ کو کسی جرم کا مجرم قرار دیا گیا ہو یا آپ پر کسی جرم کا الزام ہو۔

آپ سے صحت کا معائنہ کروانے کا تقاضا بھی کیا جا سکتا ہے۔ اگر یہ ضروری ہوا تو ڈیپارٹمنٹ آف ہوم افیئرز آپ کو بتائے گا۔

RoS ویزے کی درخواست کے سلسلے میں آپ کو اپنے تحفظ کے دعووں کے متعلق کوئی معلومات دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ ہم نہیں سمجھتے کہ آپ کو انٹرویو کے لیے آنا پڑے گا۔

اگر آپ کو RoS ویزے کی درخواست دینے کے لیے کہا جائے تو ضروری ہے کہ آپ ویزے کی درخواست دینے کے وقت آسٹریلیا میں ہوں (چاہے آپ کی درخواست آن لائن Immiaccount کے ذریعے دی جا رہی ہو)۔ ریزولیوشن آف سٹیٹس ویزا ملنے کے وقت بھی آپ کا آسٹریلیا میں ہونا ضروری ہے۔

**RoS ویزے کی درخواست کی کوئی فیس نہیں ہے۔**

## مجھے اور کیا پتہ ہونا ضروری ہے؟

حکومت کو توقع ہے کہ TPV/SHEV رکھنے والے جو لوگ RoS ویزے کے تقاضے پورے کرتے ہیں، ان میں سے اکثر کو مندرجہ ذیل عرصوں کے اندر RoS ویزا مل جائے گا:

- آپ کی TPV/SHEV درخواست کے RoS درخواست میں بدلنے کے بعد 12 مہینوں کے اندر؛ یا
- RoS ویزے کی درخواست دینے کے بعد 12 مہینوں کے اندر۔

اگر آپ کی RoS ویزے کی درخواست پر انکار ہو جائے تو آپ کو ایڈمنسٹریٹیو اپیلز ٹرائبیونل کو ریویو کی درخواست دینے کا حق حاصل ہو گا۔ یہ اہم ہے کہ آپ ریویو کے سلسلے میں قانونی مشورہ حاصل کریں۔

جس دوران آپ کارروائی یا نتیجے کا انتظار کر رہے ہوں، اپنے ویزے کی شرائط کی تعمیل ضرور کرتے رہیں۔

## فیملی ری یونین (خاندان کے یہاں آنے) کا کیا ہو گا؟

جب آپ کو مستقل RoS ویزا مل جائے تو آپ آسٹریلیا سے باہر موجود اپنے خاندان کے افراد کو مستقل آسٹریلین ویزوں کے لیے سپانسر کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں۔ اپنا مستقل ویزا ملنے سے پہلے آپ اپنے خاندان کے افراد کو سپانسر نہیں کر سکتے۔

ہمارا مشورہ ہے کہ آپ اپنے خاندان کو سپانسر کرنے سے پہلے قانونی مشورہ حاصل کریں۔

## مجھے کہاں سے مدد مل سکتی ہے؟

یہ اہم ہے کہ آپ اخلاقیاتی کام کرنے والے اور اچھی شہرت رکھنے والے ذرائع سے مشورہ حاصل کریں۔ ہمارا مشورہ ہے کہ آپ ریفیوجی لاء کا خصوصی علم رکھنے والے وکیل سے مشورہ لیں۔ TPV اور SHEV رکھنے والوں کو ویزے کی درخواست میں مدد دینے کے لیے مسٹر البانیزی کی حکومت نے پورے آسٹریلیا میں خصوصی قانونی خدمات فراہم کرنے والوں کے ذریعے دو سال تک ویزوں کی درخواستوں پر کام کرنے کی خاطر 9.4 ملین ڈالر دینے کا وعدہ کیا ہے۔

ASRC خودمختار ہے اور وفاقی حکومت کی فنڈنگ قبول نہیں کرتا۔ /asrc.org.au/get-help/legal-help پر لوگوں کی مدد کے لیے ہمارے معلوماتی پرچے موجود ہیں اور یہ معلومات بھی ہیں کہ ہماری لیگل ٹیم سے کیسے مدد لی جائے۔

وکٹوریا میں موجود لوگوں کو اس بات چیت میں مدد دینے کے لیے **ریفیوجی لیگل** کو فنڈنگ ملتی ہے۔ ان کی ہاٹ لائن **(03) 9413 0133** پیر تا جمعہ صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک کھلی ہوتی ہے۔

پورے آسٹریلیا میں RoS ویزے کی درخواستوں میں مدد دینے کی خاطر ان تنظیموں کو فنڈنگ مل رہی ہے:

| | | |
|---|---|---|
| Australian Capital Territory (ACT) | Legal Aid ACT | www.legalaidact.org.au |
| New South Wales (NSW) | Refugee Advice and Casework Service (RACS)<br>RACS NSW کے ذریعے رابطہ کرنے پر<br>Immigration Advice and Rights Centre (IARC) | www.racs.org.au<br>www.iarc.gov.au |

| | | |
|---|---|---|
| Northern Territory (NT) | Northern Territory Legal Aid Commission | www.legalaid.nt.gov.au |
| Queensland (QLD) | Refugee and Immigration Legal Service (RAILS) | www.rails.org.au |
| South Australia (SA) | Legal Services Commission of SA | www.lsc.sa.gov.au |
| Tasmania (TAS) | Tasmanian Refugee Legal Service | www.trls.org.au |
| Victoria (VIC) | Refugee Legal | www.refugeelegal.org.au TPV/SHEV کو بدلنے کے لیے ہاٹ لائن 03 9413 0133 |
| Western Australia (WA) | Circle Green Community Legal | www.circlegreen.org.au |

## مجھے مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں؟

جیسے ہی معلومات مہیا ہوں گی، ASRC معلومات فراہم کرے گا، اس معلوماتی پرچے میں بھی تبدیلیاں کی جائیں گی اور کمیونٹی کے لیے معلوماتی سیشن پیش کیے جائیں گے۔